اپنے دوستوں اور اہل خانہ سے

کورونا ویکسین

کے بارے میں کیسے بات کی جائے تاکہ ہم سب اپنی برادری میں کورونا وبا کے خلاف مدافعت میں اپناکردار ادا کر سکیں۔

آپ سے کورونا وبا کی ویکسین کے بارے میں بہت سارے سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔ اپنے حلقہ احباب میں لوگوں کو قابل اعتماد معلومات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے چند اہم نکات یہ ہیں۔

ویکسین سے زندگیاں بچتی ہیں اور وہ ہماری برادریوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

کورونا وبا کے ٹیکے زندگیاں بچا رہے ہیں۔ ویکسین نہ صرف ٹیکہ لگوانے والوں کی حفاظت کرتے ہیں بلکہ وہ ارد گرد کے لوگوں کی حفاظت بھی کرتے ہیں۔

جس برادری میں جتنے زیادہ افراد نے کووڈ۔۱۹ کے حفاظتی ٹیکے لگائے ہوں اتنا ہی وہاں اس وبا کا پھیلنا مشکل ہے۔

کورونا کے ویکسین محفوظ ہیں

ہیلتھ کینیڈا اور بین الاقوامی سائنسی برادری کی طرح، دنیا بھر میں صحت عامہ کے اداروں نے متفقہ طور پر یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ منظور شدہ کورونا ویکسین، بشمول حاملہ، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھنے والی یا دودھ پلانے والی خواتین کے، سب کے لئے محفوظ ہیں۔

اگر آپ حاملہ ہیں یا مستقبل قریب میں ایسا اردہ رکھتی ہیں یا اس وقت بچے کودودھ پلا رہی ہیں اور آپکے ذہن میں کوئی سوالات ہیں تو اپنے حفظان صحت کے کارکن سے بات کریں۔

اگرچہ ویکسین نہایت پھرتی سے ریکارڈ وقت میں تیار کی گئیں مگر بڑے پیمانے پر عالمی کاوشوں اور کورونا وائرس پر پہلے سے جاری تحقیق کی وجہ سے یہ ویکسین بھی گذشتہ ویکسینوں کی طرح منظوری کے لئے انہی مراحل سے گزرے ہیں۔

اب تک دنیا بھر میں لاکھوں افراد کو یہ حفاظتی ٹیکے لگائے جاچکے ہیں۔

ویکسین کیسے لگائی جائے؟

برٹش کولمبیا میں ۱۲ سال اور اس سے زیادہ عمر کے ہر فرد کے لیے ویکسین دستیاب ہیں۔ اہلیت کے بارے میں ہدایات اور معلومات یہاں دستیاب ہیں۔ اہلیت کے بارے میں ہدایات اور معلومات یہاں fraserhealth.ca/vaccine دستیاب ہیں۔

اپنی ویکسین کے لیے ابھی رجسٹر ہوں یا مقامی حفاظتی ٹیکوں کے کلینک میں تشریف لائیں۔

مرحلہ ۱: اندراج کرائیں

آن لائن اندراج کروائیں (getvaccinated.gov.bc.ca) بذریعہ ٹیلی فون (1-833-838-2323) بنفس نفیس: قریب ترین کسی بھی سروس بی سی (Service BC) لوکیشن پر تشریف لائیں۔ اپنا کانفرمیشن نمبر محفوظ رکھیں، آپ کو بعد میں اس کی ضرورت پڑیگی۔

مرحلہ ۲: اپائنٹمنٹ بک کروائیں

جونہی آپ ویکسین اپوائنٹمنٹ بک کروانے کے اہل ہوں گےآپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

مرحلہ ۳: ویکسین لگوائیں

اپنے مقررہ وقت سے چند منٹ قبل پہنچیں۔ آدھی بازو والی قمیض اور ماسک پہن کر آئیں۔ کلینک میں آپ چیک ان کے عمل سے گزرینگے اور ویکسین کا ٹیکا لگوائینگے اور اس کے بعد لگ بھگ ۱۵ منٹ تک مشاہدے کے علاقے میں انتظار کریں گے۔ جب آپ دوسرے ٹیکے کیلئے بکنگ کروانے کے اہل ہوں گے تو آپ کو مطلع کیا جائے گا۔

بغیر بکنگ بھی تشریف لایئے۔

اگر آپ چا ہیں تو ویکسین کے پہلے یا دوسرے ٹیکے کے لیے کسی بھی ویکسین کلینک میں براہ راست تشریف لا سکتے ہیں مقامات کی فہرست یہاں ملاحظہ کریں۔ fraserhealth.ca/vax

کورونا وبا سے حفاظت مقدم ہے

صحت عامہ کے احکامات، علاقائی سفارشات پر عمل کرتے رہیں اور کورونا کے خلاف دانشمندانہ اقدامات پر عمل کرتے رہیں جیسے ہاتھ دھونا، ٹیسٹ کروانا اور بیمار ہونے پر گھر پر رہنا۔ پوری طرح ویکسینیشن نہ ہونے تک عوامی اندرونی مقامات میں ماسک پہنیں۔

حالات سے باخبر رہیں

کورونا وبا کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام اور ویکسین کے محفوظ ہونے کے بارے میں معلومات، قابل اعتماد ذرائع جیسے فریزر ہیلتھ، صوبہ برٹش کولمبیا اور BCCDC سے حاصل کریں۔

#BCimmUNITY
fraserheath.ca/vaccine

fraserhealth
Better health. Best in health care.

BC Centre for Disease Control
Provincial Health Services Authority

حق اشاعت ۲۰۲۱۔

آخری اپ ڈیٹ: ۲۰ اگست ، ۲۰۲۱۔

Sources: BCCDC, ImmunizeBC, Health Canada, CDC and WHO.

[Urdu]